سوال

(14) مریض کے لیے پیشاب پینا کیسا حدیث ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اونٹ کا پیشاب پینا مریض کے لیے حدیث میں ہے مگر بڑی مکروہ چیز ہے، کیسے جائز ہو؟ ہندو لوگ عورت کو نفاس کی حالت میں گائے کا پیشاب پلاتے ہیں کیا باعثِ اعتراض نہیں ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں بطور دوائی استعمال کرنا جائز ہے، جس کو نفرت ہو وہ نہ پیئے لیکن حلت کا اعتقاد رکھے ایسا ہی گائے بکری کے بول کے متعلق بھی آیا ہے۔

لا باس ببول ما یوکل لحمہ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۵۵)
(الجواب صحیح : علی محمد سعیدی جامعہ سعیدیہ خانیوال مغربی پاکستان)

ہذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الطہارۃ جلد 1 ص 27

محدث فتویٰ